ہے محبوب کا اور کہا بعض نے اختیار کرنا محبوب کا اس کے ماسوائے پر اور کہا بعض نے محبت دل کا لگانا ہے محبوب کی طرف ۱۲ نسیم الریاض ۵۲ کہا امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے حق یہ ہے کہ جناب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبل رسالت کے کسی نبی کی شریعت پر نہ تھے اور یہی مختار ہے محققین حنفیہ کے نزدیک اس واسطے کہ آپ امت کسی نبی کی ہرگز نہ تھے لیکن آپ قبل رسالت کے مقامِ نبوت میں تھے اور عمل کرتے تھے امرِ حق پر جو ظاہر ہوتا تھا آپ کو مقام نبوت میں وحی خفی اور کشوف صادقہ سے شریعت ابراہیم علیہ السلام وغیرہ کی طرح نقل کی ہے تو نووی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح عمدۃ النسفی میں اور اس میں دلیل ہے اس بات پر کہ نبوت آپ کی منحصر چالیسویں برس کے بعد پر نہ تھی جیسا کہا ہے ایک جماعت نے بلکہ اشارہ ہے اس میں کہ آپ روز ولادت سے صفت نبوت کے ساتھ متصف ہیں بلکہ حدیث کنت نبیا و آدم علیہ السلام بین الروح والجسد یعنی میں نبی تھا اور آدم علیہ السلام درمیان روح اور بدن کے تھے دلالت کرتی ہے اسپر کہ آپ متصف تھے ساتھ وصف نبوت کے عالم ارواح ہی میں ۱۲ ملا علی قاری ۵۳ شیخ علی حریری مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ بجائے فلاں بن فلاں کے پڑھنے والا اپنا نام اور اپنے باپ کا نام کہے اور اپنے مشائخ اور عزیزوں اور کل مسلمانوں کے لئے دعا کرے کہ دعا بعد اس درود کے قبول ہوتی ہے ۱۲ حاشیہ دلائل الخیرات

ص ۲۰ سید الابرار ابن صفدر خان ۱۲

الخاطئ الضعيف وان تتوب عليه
خطاوار ناتوان اور یہ کہ قبول کرے تو توبہ اس پر
انك غفور رحيم اللهم امين
بیشک تو ہی ہے بڑا بخشنے والا مہربان ۵۱ خداوندا آمین
يا رب العلمين قال رسول الله صلى
اے پروردگار تمام عالم کے ۵۲ فرمایا رسول اللہ صلے
الله عليه وسلم من قرأ هذه الصلوة
اللہ علیہ وسلم نے کہ جو کوئی پڑھے اس درود کو
مرة واحدة كتب الله له ثواب
ایک بار لکھیگا اللہ تعالے اس کے لیے ثواب
حجة مقبولة وثواب من اعتق رقبة
حج مقبول کا اور ثواب اس شخص کا کہ اس نے آزاد کیا ایک بردہ ۵۳
من ولد اسمعيل عليه السلام فيقول
اولاد اسمٰعیل علیہ السلام سے بس فرماتا ہے
الله تبارك وتعالى يا ملائكتي هذا
اللہ بزرگ ہے ۵۴ اور برتر کہ اے میرے فرشتو یہ
عبد من عبادي اكثر الصلوة على
ایک بندہ ہے میرے بندوں میں سے کہ اس نے زیادہ درود پڑھا ہے
حبيبي محمد فوعزتي وجلالي وجودي
میرے پیارے دوست حضرت محمد ﷺ پر سو قسم ہے مجھ اپنی عزت وجلال کی اور اپنی

۵۱ ایک شخص نے قوم بنی اسرائیل میں سے برسوں عبادت کی حق تعالی نے ایک فرشتہ کو بھیجا کہ کیوں رنج کھینچتا ہے تو قابل میرے نہیں ہوا اس شخص نے کہا مجھے بندگی سے کام ہے خداوندی میرا کام نہیں فرشتہ نے خداوند تعالی سے جا کے عرض کیا خداوند کریم نے فرمایا جب بندہ باوجود لیئمی اپنی کے پھرتا نہیں تو میں ساتھ کریمی اور رحیمی اپنی کے کس طرح پھروں ۱۲ سبع سنابل ۵۲ یہاں تک وہ درود جمعہ ختم ہوگیا قاری کیلئے ضروری نہیں ہے کہ قال رسول اللہ سے وفی روایۃ اخری تک پڑھے ۱۲ حاشیہ دلائل الخیرات ۵۳ بیان ہوچکا فضائل میں کہ جو کوئی درود بھیجے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی درود تو ہوگا وہ درود واسطے اسکے برابر آزاد کرنے بردہ کے یعنے مطلقاً بلا تقیید کے ساتھ اولاد اسمٰعیل کے تو اس درود میں زیادتی ہوئی کہ گویا اسنے اولاد اسمٰعیل سے آزاد کیا واسطے شرف اور خصوصیت اور اصطفائیت ان کی کے ۱۲ فاسی ۵۴ تبارک کے معنی برتر اور بزرگ کے ہیں اور کثیر ہیں برکتیں اس کی اور نہیں وصف کیا جاتا ساتھ اس کے لیکن اللہ بزرگ اور برتر اور تبارک فعل غیر منصرف ہے اس کا مضارع عرب نہیں بولتے اور وجہ اس کی یہ ہے کہ تبارک کے ساتھ سوائے اللہ تعالی کے کوئی وصف نہیں کیا جاتا اس واسطے مستقبل کی حاجت نہیں کیونکہ اللہ تعالی تبارک ہوچکا ازل میں ۱۲ فاسی

وَمَجْدِي وَارْتِفَاعِي لَأُعْطِيَنَّهٗ بِكُلِّ حَرْفٍ

اور اپنی بزرگی اور اپنی بلندی کی ۵۱ البتہ دونگا میں اس کو بدلے ہر حرف کے

صَلّٰى بِهٖ قَصْرًا فِي الْجَنَّةِ وَلَيَأْتِيَنِّي

جو درود ۵۲ بھیجا محل بڑا ۵۳ بہشت میں اور آئیگا وہ بندہ میرے پاس

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَحْتَ لِوَاءِ الْحَمْدِ نُوْرُ وَجْهِهٖ

قیامت کے دن لواء حمد کے نیچے ہوگی روشنی اس کے منہ کی

كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَكَفُّهٗ فِي كَفِّ

مثل چودھویں رات کے چاند کے اور ہتھیلی اس کی ہوگی میرے

حَبِيبِي مُحَمَّدٍ هٰذَا لِمَنْ قَالَهَا فِي كُلِّ

پیارے دوست حضرت محمدؐ کی ہتھیلی میں ۵۴ یہ ثواب اس شخص کے لئے ہے جو پڑھے اس درود کو

يَوْمِ جُمُعَةٍ لَهٗ هٰذَا الْفَضْلُ وَاللّٰهُ ذُو

ہر جمعہ کے دن اسی کے واسطے ۵۵ یہ بزرگی ہے اور اللہ

الْفَضْلِ الْعَظِيمِ وَفِي رِوَايَةٍ أُخْرٰى

بڑا بزرگی والا ہے اور دوسری روایت میں جمعہ کا یہ درود آیا ہے ۵۶

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ بِحَقِّ مَا حَمَلَ

الٰہی میں مانگتا ہوں تجھ سے بوسیلہ اس کے کہ اٹھایا

كُرْسِيُّكَ مِنْ عَظَمَتِكَ وَ

تیری کرسی نے تیری بزرگی کو اور

قُدْرَتِكَ وَجَلَالِكَ وَبَهَائِكَ وَسُلْطَانِكَ

تیری قدرت کو اور تیرے جلال کو اور تیری روشنی کو اور تیری بادشاہی کو

۵۱ اور قسم کہاتا ہوں اپنی بلندی کی جو اپنی خلق پر ہے اور اپنے تقدس اور تنزہ کی سمات نقصان سے اور معلوم ہے کہ قسم تاکید کے واسطے مقسم علیہ کے اور یہ بیچ مخلوق کے ہے تو کیا حال ہوگا اسکا جبکہ یہ قسم چند بار مکرر ہو اس سے تو کوئی تاکید بڑی نہ ہوگی ۱۲ فاسی ۵۲ لفظ بہ ثابت ہے بعض نسخوں میں اور ساقط ہے نسخہ سہیلیہ میں ۱۲ فاسی ۵۳ یعنی منزل کہ محتوی ہو اوپر مکانات اور گھروں اور مستحکم بنا کے ۱۲ مطالع المسرات ۵۴ یہ اشارہ ہے ساتھ نہایت بزرگی مرتبہ اس بندے کے نزدیک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بعض نسخہ میں بعد اس کے صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم زائد ہے ۱۲ مزرع الحسنات ۵۵ صوفیہ کرام اور ارباب ذوق وشوق کے نزدیک اس حدیث کے برابر کوئی حدیث نہیں ہے کیونکہ اس سے مصلی کا بہت ہی نزدیک رہنا حضرتؐ سے قیامت میں ثابت ہے اور آپ کے قرب کے برابر کوئی مرتبہ نہیں کیونکہ جس کو جتنا قرب آنحضرتؐ سے ہوگا اتنا ہی قرب جناب باری سے بھی ہوگا ۱۲ صلوات ناصری ۵۶ شاید یہ کلام مؤلف یا اور کسی کا ہو بعد تمام حدیث کے ۱۲ فاسی ۵۷ جاننا چاہئے کہ کمال ودرجہ بزرگی اور فضیلت کا قیامت کے دن اس شخص کو حاصل ہوگا جو جمعہ کے دن اس درود شریف کو پڑھا کرے ۱۲ حاشیہ دلائل الخیرات ۵۸ یعنی وہ درود مذکور ایک روایت حدیث میں آیا ہے اور یہ درود آئندہ کا دوسری روایت میں آیا ہے اور بعد قولہ آمین یارب العالمین کے یہ درود دوسرا یعنی اللھم انی اسئلک الخ پڑھنا چاہئے اور اس حدیث کو اور قولہ وفی روایۃ اخری کو پڑھنے کی حاجت نہیں ہاں جو شخص استفادہ اسکے علم اور ثواب کا چاہے ۱۲ مولوی محمد یٰسین رہ

وَبِحَقِّ اسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ الَّذِیْ

اور بوسیلہ تیرے نام کے پوشیدہ چھپے ہوئے کہ

سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَكَ وَاَنْزَلْتَهٗ فِیْ

نام رکھا تو نے اس نام کے ساتھ آپ کو اور اتارا تو نے اس کو

كِتَابِكَ وَاسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ

اپنی کتاب میں اور اختیار کیا تو نے اس کو علم

الْغُیُوْبِ عِنْدَكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ

غیب میں اپنے نزدیک یہ کہ درود بھیجے تو حضرت محمد ﷺ پر کہ

عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

جو تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور مانگتا ہوں میں بوسیلہ تیرے اس

الَّذِیْ اِذَا دُعِیْتَ بِهٖ اَجَبْتَ وَاِذَا

نام کے کہ جب پکارا جاوے تو اس نام سے تو تو قبول کرے اور جب

سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَیْتَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

سوال کیا جائے ساتھ اس نام کے تو تو عطا کرے اور مانگتا ہوں تجھ سے بوسیلہ

الَّذِیْ وَضَعْتَهٗ عَلَی اللَّیْلِ فَاَظْلَمَ وَعَلَی

نام کے کہ رکھا تو نے اس کو رات پر پس وہ اندھیری ہو گئی اور

النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ وَعَلَی السَّمٰوٰتِ فَاسْتَقَلَّتْ

دن پر پس وہ روشن ہو گیا اور آسمانوں پر پس وہ قائم ہو گئے

وَعَلَی الْاَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ وَعَلَی الْجِبَالِ

اور زمین پر پس وہ ٹھہر گئی اور پہاڑوں پر

ا مشہور یہ ہے کہ اسم اعظم معین ہے حق تعالیٰ اس کو جانتا ہے اور اپنے خاص بندوں سے جس کو چاہتا ہے وہ اسم اعظم اُسے الہام کرتا ہے پس کہا گیا کہ وہ لفظ اللہ ہے یا ھو ہے یا الحی القیوم ہے یا ھو العلی العظیم الحلیم العلیم ہے یا ھو لا الٰہ الا اللہ ہے یا لا الٰہ الا ھو ہے یا اللّٰھم ہے یا الحی ہے یا ذو الجلال والاکرام ہے یا لا الٰہ الا انت سبحانک الیٰ آخر الآیۃ ہے یا اللّٰھم انی اسئلک بانی اشھد انک انت اللہ الذی لا الٰہ الا انت الاحد الصمد الذی لم یلد الیٰ آخر السورۃ ہے یا اللّٰھم انی اسئلک بان لک الحمد لا الٰہ الا انت المنان ہے یا الحنان المنان بدیع السمٰوات والارض یا ذو الجلال والاکرام ہے یا قل اللّٰھم مالک الملک الخ ہے یا ھو ارحم الراحمین ہے یا ربنا ہے یا الوہاب ہے یا الغفار ہے یا الغریب ہے یا السمیع البصیر ہے یا سمیع الدعاء ہے یا خیر الوارثین ہے یا حسبنا اللہ ونعم الوکیل ہے ۱۲ قاسمی ۵۲ ابن فارس نے اپنی کتاب اسماء النبی میں لکھا ہے کہ روز حنین کے ایک عورت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوئی اور ایک شعر اس نے پڑھا کر ایام رضاعت کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جو ہوازن میں تھے یاد دلایا آپ نے جو کچھ مال لوگوں سے لیا تھا سب پھیر دیا اور اس قدر انعامات کثیرہ نامحصورہ دیئے کہ جب ان کی قیمت ہوئی تو پانچ لاکھ ہوئے ابن دحیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ یہ عجیب قسم کی بخشش اور نہایت جود اور سخا کی ہے کہ سنا نہ گیا مثل اس کے وجود میں ۱۲ نامہ المستعین فی اخلاق سید المرسلین ؎

فَرَسَتْ وَعَلَى الصَّعْبَةِ فَذَلَّتْ وَعَلَى مَاءِ
پس وہ استوار ہو گئے اور سخت چیز پر پس وہ نرم ہو گئی اور آسمان کے

السَّمَاءِ فَسَكَبَتْ وَعَلَى السَّحَابِ فَاَمْطَرَتْ
پانی پر پس اُس نے اُسے گرایا اور بدلی پر پس اُس نے برسایا

وَاَسْئَلُكَ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ مُحَمَّدٌ نَبِيُّكَ
اور مانگتا ہوں تجھ سے بوسیلہ اُس کے کہ مانگا اُس کے واسطہ سے حضرت محمد آپ کے نبی

وَاَسْئَلُكَ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ اٰدَمُ نَبِيُّكَ وَ
اور مانگتا ہوں میں تجھ سے بوسیلہ اُس کے کہ مانگا اُس کے ساتھ آدم تیرے نبی

اَسْئَلُكَ بِمَا سَاَلَكَ بِهٖ اَنْبِيَاؤُكَ
مانگتا ہوں میں تجھ سے ساتھ اُس کے کہ مانگا تجھ سے اُس کے ساتھ تیرے نبیوں

وَرُسُلُكَ وَمَلٰئِكَتُكَ الْمُقَرَّبُوْنَ
اور رسولوں اور فرشتوں نے جو مقرب ہیں

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَاَسْئَلُكَ بِمَا
درود اللہ کا اُن سب پر نازل ہو اور مانگتا ہوں تجھ سے ساتھ اُس کے

سَاَلَكَ بِهٖ اَهْلُ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ
کہ مانگا اُس کے ساتھ تجھ سے تیرے سب فرمانبرداروں نے

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
یہ کہ درود بھیجے تو حضرت محمد پر ۵۳ اور آل پر حضرت محمد کی

عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَكُوْنَ
بشمار اُس کے کہ پیدا کیا تو نے پہلے اس سے کہ

۵۱ روایت ہے عطا رضی اللہ عنہ سے کہا کہ بدلی نکلتی ہے زمین سے اور کہا خالد بن معدان نے کہ جنت میں ایک درخت ہے کہ اس میں بدلی پھلا کرتی ہے سیاہ بدلی اسکا پھل پکنے ہے جیسیں مینہ ہے اور سفید بدلی اسکا کچا پھل ہے جسمیں مینہ نہیں ہے اور کہا کعب نے بدلی چھلنی ہے مینہ کی ۱۲ مطالع المسرات ۵۲ اور ہے مقر آدم علیہ السلام کا فلک القمر یعنے آسمان دنیا اور نام اسکا رفیع ہے واسطے مناسبت اس کی کے رفعت میں ۱۲ روح البیان ۵۲ جبکہ گرائے گئے آدم علیہ السلام زمین پر تو برابر تین سو برس تک بخوف الٰہی روتے رہے دم بھر بھی انکا آنسو نہ سوکھا اور اگر آنسو تمام اہل زمین کے جمع کیے جاویں تب بھی آنسو آدم علیہ السلام کا زیادہ ہوگا اور ستو برس تک تو اس طرح روئے کہ سر اپنا آسمان کی طرف نہ اٹھایا اور پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے اُن کے آنسو سے عود رطب اور سونٹھ اور صندل اور انواع قسم کی خوشبوئیں اور پیدا کی حق تعالیٰ نے حوا علیہا السلام کے آنسو سے لونگ اور افادیہ ۱۲ زرقانی ۵۳ ابن جوزی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے رسالہ میں لکھا ہے کہ جب حق تعالیٰ نے چاہا کہ مخلوقات کو پیدا کرے اور آسمان و زمین کو کتم عدم سے ہویدا کرے تو ایک قبضہ اپنے نور سے لیا اور فرمایا اے نور محمد ہو جا وہ نور ایک ستون بن گیا پھر وہ نور اوپر کو چلا حتیٰ کہ منتہی ہو گیا حجاب عظمت تک پھر سجدہ کر کے کہا الحمد للہ جناب باری عز اسمہ سے ارشاد ہوا لذلک خلقتک وسمیتک محمداً یعنے اسی واسطے ہمنے تجھے پیدا کیا اور تیرا نام محمد رکھا تجھی سے ابتدائے خلق کروں گا اور تجھی پر رسالت اور نبوت کو ختم کروں گا ۱۲ مناظر اللبیب فی اسمار الحبیب .

السَّمَاءُ مَبْنِيَّةً وَّالْاَرْضُ مَطْحِيَّةً وَّ
آسمان بنایا جائے اور زمین بچھائی جائے اور
الْجِبَالُ مُرْسِيَةً وَّالْعُيُوْنُ مُنْفَجِرَةً وَّ
پہاڑ استوار کیے جاویں اور چشمے جاری ہوں اور
الْاَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُضْحِيَةً وَّ
نہریں رواں ہوں اور آفتاب چمکے اور
الْقَمَرُ مُضِيْئًا وَّالْكَوَاكِبُ مُنِيْرَةً اَللّٰهُمَّ
چاند روشن ہووے اور ستارے چمکیں الٰہی
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ
درود بھیج حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر بےشمار
عِلْمِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
اپنے علم کے اور درود بھیج حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر
عَدَدَ حِلْمِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
بےشمار اپنی بردباری کے اور درود بھیج حضرت محمدؐ پر اور آل
مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ اَحْصَاهُ اللَّوْحُ الْمَحْفُوْظُ
حضرت محمدؐ پر بےشمار اس کے کہ گھیرا اسے لوح محفوظ نے ۵۲
مِنْ عِلْمِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
تیرے علم سے ۵۳ الٰہی درود بھیج حضرت محمدؐ پر اور
اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا جَرٰى بِهِ الْقَلَمُ فِيْٓ اُمِّ
آل حضرت محمدؐ پر بےشمار اس کے کہ جاری ہوا ساتھ اس کے قلم لوح

۵۱ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے فاطمہ میں اور تو اور علی اور حسن اور حسین ایک مکان اور ایک مقام میں رہیں گے ۱۲ اشعۃ اللمعات ۵۱ روایت کی ابن مردویہ نے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب سوال کرو خدا سے تو سوال کرو میرے واسطے وسیلہ کا لوگوں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم اس میں آپ کے ساتھ کون رہے گا فرمایا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور فاطمہ رضؓ اور حسنؓ اور حسینؓ اور فرمایا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ممبر پر مسجد کوفہ کے اے لوگو! بہشت کے اندر دو موتی ہیں ایک سفید ایک زرد اور مقام محمود سفید موتی کا ہے کہ اس کے اندر ستر ہزار کوٹھریاں ہیں ہر کوٹھری اس کی تین میل کی ہے اور نام اس کا وسیلہ ہے اور وہ واسطے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہے اور واسطے اہل بیت ان کی کے اور زرد موتی بھی اسی کے مانند ہے اور وہ واسطے ابراہیم علیہ السلام کے اور انکی اہل بیت کے لئے ہے ۱۲ ناصر الابرار فی مناقب اہل بیت الاطہار ۵۲ یعنی محفوظ ہے اللہ تعالیٰ جل شانہ کے پاس شیاطین کے پہنچنے سے اس تک اور تبدیلی اور تغیر سے ۱۲ فاسی ۵۳ علم کے بمعنی معلوم تک کے ہے اور لکھی ہیں حق سبحانہ تعالیٰ نے اس میں کل وہ باتیں جو آیندہ ہونے والی ہیں روز قیامت تک ۱۲ فاسی

الْكِتٰبِ عِنْدَكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ
محفوظ میں تیرے نزدیک اور درود بھیج حضرت محمد پر صلی اللہ اور

عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ سَمٰوٰتِكَ وَصَلِّ
آل حضرت محمد پر باندازہ اپنے آسمانوں کے اور درود بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ اَرْضِكَ
حضرت محمد پر اور آل حضرت محمد پر بمقدار پُری اپنی زمین کے

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ مَا
اور درود بھیج حضرت محمد پر اور آل حضرت محمد پر بمقدار پُری اُس کے

اَنْتَ خَالِقُهٗ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى
کہ تو اُس کا پیدا کرنے والا ہے اس دن سے کہ پیدا کیا تو نے دنیا کو

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ
قیامت کے دن تک الٰہی درود بھیج حضرت محمد پر اور

عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ صُفُوْفِ الْمَلٰٓئِكَةِ
آل حضرت محمد پر بشمار فرشتوں کی صفوں کے

وَتَسْبِيْحِهِمْ وَتَقْدِيْسِهِمْ وَتَحْمِيْدِهِمْ
اور اُن کی تسبیح کے اور اُن کی تقدیس کے اور اُن کی تحمید کے

وَتَمْجِيْدِهِمْ وَتَكْبِيْرِهِمْ وَتَهْلِيْلِهِمْ
اور اُن کی تمجید کے اور اُن کی تکبیر کے اور اُن کی تہلیل کے

مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
اُس دن سے کہ پیدا کیا تو نے دنیا کو قیامت کے دن تک

۵۱ جب حق تعالیٰ نے نور ہمارے حضرت کا پیدا کیا حکم کیا آپ کو کہ نظر فرمائیں طرف انوار انبیاء علیہم السلام کے اور ڈھانپ لیا آپ نے نور اپنے سے نور انبیاء علیہم السلام کو انھوں نے عرض کیا خداوندا کس کے نور نے ڈھانپ لیا فرمایا حق تعالیٰ نے محمد بن عبداللہ کے نور نے اگر تم لوگ ان کے ساتھ ایمان لاؤ گے تو میں سب کو نبی کردونگا سب انبیاء علیہم السلام نے کہا کہ ہم سب کے سب ان پر اور انکی نبوت پر ایمان لائے فرمایا حق تعالیٰ نے ہم تمہارے گواہ ہوویں سب انبیاء علیہم السلام نے کہا ہاں یا خداوند تعالیٰ جیسا فرمایا حق تعالیٰ نے ثم جاءکم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ ولتنصرنہ سے وانا معکم من الشاہدین تک کہا شیخ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کہ یہ آیت تعظیم اور توقیر اور قدر پر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دلالت کرتی ہے اور اِس آیت سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ بر تقدیر آنے آپکے ان کے زمانہ میں آپ ان کی طرف مرسل ہوتے تو نبوت اور رسالت آپکی عام ہوئی واسطے تمامی خلائق کے آدم سے لیکے قیامت تک اور ہوئے انبیاء اور ساری امت اُن کی اُمت سے حضرت کی اور ہوگا قول آپ کا بعثت الی الناس کافۃ غیر مخصوص ساتھ ان لوگوں کے جو زمانے میں آپ کے تھے قیامت تک بلکہ شامل ہے قبل کو ان کے بھی اور ظاہر ہوئے اس سے معنی قولِ حضرت کنت نبیا وآدم بین الروح والجسد کے اور اس سے معلوم ہوا کہ حضرت نبی ہیں سب انبیاء کے ۱۲ مواہب لدنیہ ملخصًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
الٰہی درود بھیج حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر

عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِيَةِ وَالرِّيَاحِ
بشمار بدلی دوڑنے والی کے اور ہوا

الذَّارِيَةِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا
چلنے والی کے اُس روز سے کہ پیدا کیا تو نے دنیا کو

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
قیامت کے دن تک الٰہی درود بھیج حضرت محمدؐ پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ قَطْرَةٍ تَقْطُرُ
اور آل حضرت محمدؐ پر بشمار ہر بوند کے جو گرتی ہے

مِنْ سَمٰوٰتِكَ اِلٰى اَرْضِكَ وَمَا تَقْطُرُ
تیرے آسمانوں سے تیری زمین کی طرف ۵۱ اور جو بوندیں کہ گریں گی ۵۲

اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ
قیامت کے دن تک الٰہی درود بھیج حضرت محمدؐ پر

وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا هَبَّتِ الرِّيَاحُ
اور آل حضرت محمدؐ پر بشمار چلنے ہواؤں کے

وَعَدَدَ مَا تَحَرَّكَتِ الْاَشْجَارُ وَالْاَوْرَاقُ
اور بشمار ہلنے درختوں اور پتوں

وَالزَّرْعُ وَجَمِيْعِ مَا خَلَقْتَ فِيْ قَرَارِ
اور کھیتوں کے اور بشمار اُن سب چیزوں کے کہ پیدا کیا تو نے اُن کو قرار گاہ

۵۱ مقدم کرنا ذکر سماوات کا ارض پر واسطے اقتدا کے ہے ساتھ کلام الٰہی کے اس واسطے کہ قرآن مجید میں جہاں جہاں ذکر آسمان اور زمین کا ہوا ہے وہاں وہاں ذکر آسمان کا زمین پر مقدم کیا ہے اور اسی جگہ سے کہا گیا ہے کہ آسمان افضل ہے زمین سے اور کہا گیا بخلاف اس کے بھی اور کہا ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ آسمان افضل ہے اس واسطے کہ اس کے اندر کسی نے حق تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کی ہے اور معصیت شیطان کی آسمان کے اندر نہ تھی یا شاذ و نادر واقع ہوئی اس کا اعتبار نہیں اور کہا گیا زمین افضل ہے اس واسطے کہ وہ مستقر ہے انبیاء علیہم السلام کا اور مدفن ہے ان کا اور نقل کیا عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے استدلال اوپر تفضیل اس قدر زمین کے جو ضم ہے اعضائے نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حتیٰ کہ کعبہ پر بلکہ وہ افضل ہے عرش سے بھی اور تصریح کی فاکہانی رحمۃ اللہ علیہ نے ساتھ تفضیل اس کی کے آسمانوں پر بلکہ کہا ظاہر تفضیل ساری زمین کو ہے آسمان پر لیکن کہا نووی رحمہ اللہ نے کہ جمہور اوپر تفضیل آسمان کے ہیں زمین پر ما سوائے اس قدر زمین کہ جو ضم ہے اعضائے شریفہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ۱۲ مولانا حافظ حاجی عبدالحی لکھنوی مرحوم

۵۲ اور بعض نسخوں میں وما تقطر من یوم خلقت الدنیا الی یوم القیمۃ ہے ساتھ زیادتی من یوم خلقت الدنیا کے ۱۲ فاسی

الْحِفْظِ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ
حفظ میں ۵۱ اُس دن سے کہ پیدا کیا تو نے دنیا کو قیامت کے

الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
دن تک تھی الٰہی درود بھیج حضرت محمدؐ پر ۵۲ اور

اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْقَطْرِ وَالْمَطَرِ وَالنَّبَاتِ
آل محمدؐ پر ۵۳ بشمار بوندوں اور مینھوں اور بوٹیوں کے

مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
اُس دن سے کہ پیدا کیا تو نے دنیا کو قیامت کے دن تک تھی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
الٰہی رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر

عَدَدَ النُّجُوْمِ فِى السَّمَآءِ مِنْ يَّوْمِ
بشمار ستاروں آسمان کے اُس دن سے

خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ
کہ پیدا کیا تو نے دنیا کو روز قیامت تک تھی الٰہی

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا
رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر بشمار اس کے کہ

خَلَقْتَ فِىْ بِحَارِكَ السَّبْعَةِ مِمَّا لَا يَعْلَمُ
پیدا کیا تو نے درمیان ۵۴ اپنے ساتوں ۵۵ دریاؤں کے اُس چیز سے کہ نہیں جانتا

عِلْمَهٗ اِلَّآ اَنْتَ وَمَآ اَنْتَ خَالِقُهٗ اِلٰى يَوْمِ
اُسے کوئی سوا تیرے اور وہ چیز کہ تو اُسے پیدا کرنے والا ہے روز

۵۱ قرار حفظ یعنی مستقر اور محل ثبوت پس شامل ہے زمین اور آسمان اور بہشت وغیرہ کو اور قرار حفظ نطفہ کو جو پشت اور رحم میں ہے اور قرار حفظ پھل کو شاخوں میں اور قرار حفظ تخم کو زمین میں اور ہو سکتا ہے کہ مراد قرار حفظ سے زمین ہی ہووے فقط یا بہشت ہووے فقط واسطے کمال حفظ ان دونوں کے یا لوح محفوظ مراد ہووے کہ حافظ ساری کائنات کی ہے ۱۲ فاسی

۵۲ روایت کی حاکم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہ وحی بھیجی حق سبحانہ وتعالیٰ نے عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف کہ ایمان لاؤ محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پر اور حکم کرو اپنی امت کو ان پر ایمان لانے کے لئے اس واسطے کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہ ہوتے تو نہ پیدا کرتے ہم آدم علیہ السلام کو اور نہ بہشت اور دوزخ کو اور البتہ پیدا کیا ہم نے عرش کو پانی پر پس مضطرب ہوا عرش پھر لکھدیا میں نے اس پر لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ تو وہ ٹھیر گیا ۱۲ ناصر الحبیب فی اسماء الحبیب

۵۳ تفسیر ثعلبی میں ہے کہ قرابتی حضرت کے بنو ہاشم اور بنو مطلب ہیں کہ جن پر خمس تقسیم کرنا چاہیے اور بقول دیگر آل علیؓ اور آل عقیل اور آل جعفر اور آل عباس قرابتی ہیں اور ومن یقترف حسنۃ یعنی جو کوئی کرے بھلائی یا طاعت خصوصاً محبت آل رسول اللہ کی تفسیر بیضاوی میں ہے کہ نازل ہوئی یہ آیت حضرت ابوبکرؓ کی شان میں اور ان کی محبت کرنے میں ساتھ آل رسول کے ۱۲ ناصر الا برار فی مناقب اہل بیت الاطہار

۵۴ ساتھ حذف عائد کے جو راجع ماقبل کی طرف ہے ۱۲ فاسی

۵۵ وہ بحر ہند اور بحر طبرستان اور بحر کرمان اور بحر عمان اور بحر قلزم اور بحر روم اور بحر مغرب ہیں ۱۲ مطالع المسرات

۵۱ جمع باعتبار مشرق ہر روز اور مغرب ہر روز کے ہے ایام سال سے درمیان مشرق جاڑے اور گرمی اور مغرب جاڑے اور گرمی کے ۱۲ فاسی

الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ
قیامت تک کی الٰہی درود بھیج حضرت محمدؐ پر اور

عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرَّمْلِ وَالْحَصٰى
آل حضرت محمدؐ پر بشمار ریت اور کنکریوں کے

فِيْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا اَللّٰهُمَّ
جو مشرقوں میں ۵۱ زمین کے اور مغربوں میں اُس کے ہیں ۵۲ الٰہی

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ
رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر بشمار

مَا خَلَقْتَ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمَا
اُس کے جو پیدا کیا تو نے جنوں ۵۳ اور آدمیوں سے اور بمقدار اُس کے

اَنْتَ خَالِقُهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
کر تو اُس کا پیدا کرنے والا ہے روز قیامت تک الٰہی درود بھیج

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ
حضرت محمدؐ پر ۵۴ اور آل حضرت محمدؐ پر بشمار

اَنْفَاسِهِمْ وَاَلْفَاظِهِمْ وَاَلْحَاظِهِمْ مِنْ
اُن کے سانسوں اور اُن کے لفظوں کے اور بمقدار ان کے دیکھنے کے اُس

يَوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
دن سے کہ پیدا کیا تو نے دنیا کو روز قیامت تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
الٰہی رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر

۵۲ جاننا چاہئے کہ مشرق آفتاب کے نکلنے کی جگہ کو کہتے ہیں اور مشرق اور مغرب تین سو ساٹھ ہیں کہ ہر روز آفتاب ان مقاموں سے نکلتا ہے اور غروب ہوتا رہتا ہے ۱۲ حاشیہ دلائل الخیرات

۵۲ کہا ابن عطیہ رح نے ذکر مشرق اور مغرب سے مراد دو کنارے ہوتے ہیں اور ذکر مشارق اور مغارب سے کل روزوں کے مشرق اور مغرب مراد ہوتے ہیں اور ذکر مشرقان اور مغربان سے مراد دو انتہا میں مشرق اور مغرب کی ہوتی ہیں کیونکہ ذکر دو انتہاؤں کسی چیز کا اس کے تمام ذکر سے مراد ہوا کرتا ہے ۱۲ مطالع المسرات

۵۳ روایت ہے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہ جن نہیں باز آتے تھے آسمانوں پر جانے سے پھر جب حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا ہوئے تو تین آسمانوں پر جن جانے سے منع کئے گئے پھر جب ہمارے حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلم اس دنیا میں رونق افروز ہوئے تو سب آسمانوں پر جن جانے سے روک دیئے گئے ۱۲ زرقانی

۵۴ اور پیدا ہوئے تھے حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلم ختنہ کئے ہوئے ناف بریدہ کہا ابن کلبی رحمۃ اللہ علیہ نے کہ معلوم ہوا ہے مجھ کو کہ حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا ہوئے تھے ختنہ کئے ہوئے اور بارہ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام بعد حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ السلام ختنہ کئے ہوئے پیدا ہوئے ہیں آخر ان کے حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم ہیں ۱۲ زرقانی

عَدَدَ طَيَرَانِ الْجِنِّ وَالْمَلٰٓئِكَةِ مِنْ يَوْمِ
بشمار اڑنے جن اور فرشتوں کے اُس دن سے

خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ
کہ پیدا کیا تونے دنیا کو روز قیامت تک الٰہی

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ
درود بھیج حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر بمقدار

الطُّيُوْرِ وَالْهَوَامِّ وَعَدَدَ الْوُحُوْشِ وَ
پرندوں اور زمین کے کیڑوں کے ۵۱ اور بشمار جنگلی جانوروں کے اور بمقدار

الْاٰكَامِ فِیْ مَشَارِقِ الْاَرْضِ وَمَغَارِبِهَا
بلندی اور پستی کے جو ۵۲ مشرقوں اور مغربوں میں زمین کے ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
الٰہی درود بھیج حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر

عَدَدَ الْاَحْيَآءِ وَالْاَمْوَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
بشمار زندوں اور مردوں پر الٰہی رحمت نازل فرما

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا
حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر بشمار اُس کے

اَظْلَمَ عَلَيْهِ الَّيْلُ وَمَآ اَشْرَقَ عَلَيْهِ
کہ اندھیری ہوئی اُس پر رات اور چمکا اُس پر

النَّهَارُ مِنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ
دن اُس دن سے کہ پیدا کیا تونے دنیا کو قیامت کے

۵۱ ہوام ساتھ تشدید میم کے نسخہ صحیحہ میں جمع ہامہ کی ہے حشرات الارض کو کہتے ہیں مثل چوہوں وغیرہ کے جو چلنو میں حیوانات سے ہیں ۱۲ فاسی

۵۲ روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحٰبہ وسلم نے منع فرمایا مار ڈالنے سے چار دابہ کے چیونٹی اور شہد کی مکھی اور ہدہد اور لٹیڈی کہ جو گنجشک کو شکار کرتا ہے یہ روایت ابوداؤد سے باسناد صحیح آئی ہے اور مراد بڑی چیونٹی سلیمانی ہے لیکن چھوٹی چیونٹی جسے ذرہ کہتے ہیں تو قتل اس کا جائز ہے اور مکروہ جانتا ہے امام مالک رحمہ اللہ نے قتل چیونٹی کا لیکن یہ کہ ضرر دے اور آدمی اسکے دفع پر قادر نہ ہو لیکن ساتھ قتل کے ۱۲ حیوٰۃ الحیوان

۵۳ کہا ابو طاہر رحنے ارادہ کیا میں نے سفر کا اور میں سفر سے خوفناک تھا اس واسطے قزوینی رحسے میں کوئی دعا چاہنے گیا انھوں نے ابتداءً اپنی طرف سے کہا کہ جو کوئی سفر کرنا چاہے اور کسی دشمن یا وحش سے ڈرتا ہو تو سورۂ لایلٰف قریش پڑھا کرے سو یہ سورۃ امان ہے ہر برائی سے میں نے اُن کے کہنے کے موافق سورہ لایلٰف قریش سفر میں پڑھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور سورۂ لایلٰف قریش کی برکت سے مجکو اب تک کوئی اذیت نہیں پہنچی ۱۲ حیوٰۃ الحیوان ۔

الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

دن قیامت کے الٰہی درود بھیج حضرت محمدؐ پر اور آل

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ يَّمْشِىْ عَلٰى رِجْلَيْنِ وَ

حضرت محمدؐ پر بشمار اُن کے کہ چلتے ہیں دو پاؤں پر اور بشمار

مَنْ يَّمْشِىْ عَلٰى اَرْبَعٍ مِّنْ يَّوْمِ خَلَقْتَ

اُن کے کہ چلتے ہیں چار پاؤں پر اُس دن سے کہ پیدا کیا تو نے

الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

دنیا کو روز قیامت تک الٰہی رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى

حضرت محمدؐ پر ۵۱ اور آل حضرت محمدؐ پر بشمار اُس کے کہ درود بھیجا

عَلَيْهِ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ مِنْ

اُن پر جن اور انسان اور فرشتوں نے

يَّوْمِ خَلَقْتَ الدُّنْيَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَللّٰهُمَّ

اس دن سے کہ پیدا کیا تو نے دنیا کو روز قیامت تک الٰہی

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ

درود بھیج حضرت محمدؐ پر ۵۲ اور آل حضرت محمدؐ پر بشمار

مَنْ يُّصَلِّىْ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اُن کے کہ درود بھیجیں اُن پر الٰہی رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ

اور آل حضرت محمدؐ پر بشمار اُن کے کہ نہیں درود بھیجا انہوں نے آپ پر

۵۱ منجملہ خصائص پاک کے یہ ہے اور مجرب ہے غیر مرۃ جو ذکر کیا ہے شمس خانی نے بعض اہل علم سے کہ جو شخص لکھے اس بیت کو کسی کاغذ پر اور لٹکائے اسے وہ عورت کہ دشوار اور مشکل ہوا ہو جننا اسپر تو لڑکا جن دیوے گی فوراً اور اس کے لکھنے کا طریقہ یہ ہے

اور منجملہ اس کے یہ ہے کہ صحیح نہیں اسلام کسی کافر کا لیکن اس نام پاک پر ایمان لانے سے اور منجملہ اس کے یہ ہے کہ تعین ہوا لانا اس اسم پاک کا تشہد دوم میں اور نزدیک ایک قوم کے دونوں میں ۱۲ ناصر اللبیب فی اسماء الحبیب

۵۲ روایت ہے کہ ایک بار جبرئیلؑ نے آپ کی حضور میں حاضر ہو کے عرض کیا کہ حق تعالےٰ آپ کو بعد سلام کے کہتا ہے کہ آپ دوست رکھتے ہیں کہ ان سب پہاڑوں کو مکہ کے آپ کے واسطے سونے چاندی کے پہاڑ بنا دوں کہ آپ کے ساتھ ساتھ رہیں جہاں آپ چاہیں فرمایا حضرتؐ نے اے جبرئیل الدنیا دار من لا دار لہ ومال من لا مال لہ قد جمع من لا عقل لہ یعنی دنیا اسکے لئے گھر ہے جس کے گھر نہیں اور اس کے لئے مال ہے جس کے مال نہیں اکٹھا کرتا ہے اسے جسکو عقل نہیں جبرئیلؑ نے کہا بیشک اللہ یا اللہ یا محمد صلی اللہ علیک وسلم بالقول الثابت ۱۲ ناصر المحسنین فی اخلاق سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
الٰہی رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر

کَمَا یَجِبُ اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
جس طرح واجب ہے کہ درود بھیجا جائے اُن پر الٰہی رحمت نازل فرما

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ
حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر جیسا کہ سزاوار ہے

اَنْ یُّصَلّٰی عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
کہ درود بھیجا جائے اُن پر الٰہی درود بھیج

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی شَیْءٌ ۵۲
حضرت محمدؐ پر اور آل حضرت محمدؐ پر یہاں تک کہ نہ باقی رہے کوئی شے

مِّنَ الصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
درود سے اُن پر الٰہی رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی
حضرت محمدؐ پر اگلوں میں اور درود بھیج حضرت محمدؐ پر

الْاٰخِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی
پچھلوں میں الٰہی رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر

الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ مَا شَآءَ
فرشتوں کے بلند گروہ میں قیامت تک جو چاہے ۵۳

اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ
خدا وہی ہو کچھ زور نہیں مگر توفیق سے اللہ بزرگ و برتر کی ۵۴

۵۱ وجوب درود کا کفائی ہے یعنی نہیں تصریح کی فریابی نے شرح میں اپنی اوپر مقدمہ ابی لیث کے اور کہا اُس نے کہ درود کا فرض کفایہ ہونا نکلتا ہے امام طحاوی کے قول پر یعنی جب ذکر کئے جاویں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کسی قوم کے پاس تو فرض ہے ان پر کہ درود بھیجیں پھر جب بعض نے اُن لوگوں میں سے درود بھیجا تو ساقط ہو گیا اوروں سے واسطے حصول مقصود یعنی تعظیم اور اظہار شرف آپ کے وقت ذکر اسم پاک حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور مراد فرض سے وجوب ہے ۱۲ صلوات ناصری

۵۲ قرآن مجید کے پڑھنے میں جب قاری نام پاک حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر گذرے جس طرح ماکان محمدٌ ابا احدٍ من رجالکم یا قرآن شریف کے پڑھنے میں خارج سے نام پاک آپ کا سنے تو درود اور سلام اس پر واجب نہیں قرارت کو قطع نہ کرے قرآن شریف پڑھنے میں مشغول رہے اس واسطے کہ قرآن شریف کا پڑھنا اور نظم اور تالیف کے افضل ہے صلوٰۃ بھیجنے سے پھر جب قرآن مجید کے پڑھنے سے فراغت ہو بعد اس کے اگر درود بھیجے تو بہتر ہے اور اگر نہ بھیجے تو کچھ گناہ نہیں اس پر ذکر کیا اس کو قاضیخان نے ۱۲ صلوٰۃ ناصری

۵۳ حدیث میں ہے جو کوئی دیا جاوے کچھ نیکی یا اہل یا مال سے تو اسے چاہئے کہ اس وقت کہے ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ تو نہ دیکھے گا وہ اس میں کسی طرح کا مکروہ ۱۲

۵۴ اکثر نسخ میں پانچواں حزب اسی مقام پر ختم ہے اور بعض میں اس سے آگے باحسان الیٰ یوم الدین والحمد للہ رب العالمین پر ختم ہے ۱۲ فاسی

الحزب السادس من الاحزاب السبعة

حزب چھٹا منجملہ ساتوں حزبوں کے

اللّٰهم صل على محمد وعلى آل محمد و
الٰہی رحمت نازل فرما حضرت محمد پر اور آل محمد پر اور

اعطه الوسيلة والفضيلة والدرجة
دے تو ان کو وسیلہ اور فضیلت اور درجہ

الرفيعة وابعثه مقاما محمودا الذي وعدته
بلند اور اٹھا تو ان کو مقام محمود میں جسکا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے

انك لا تخلف الميعاد اللّٰهم عظم شانه
بیشک تو خلاف وعدہ کے نہیں کرتا الٰہی بزرگ کر شان ان کی

وبين برهانه وابلج حجته وبين فضيلته
اور ظاہر کر دلیل ان کی اور روشن کر حجت ان کی اور ظاہر کر دے بزرگی ان کی

وتقبل شفاعته في امته واستعملنا
اور قبول کرے شفاعت ان کی ان کی امت کے لیئے ۱؎ اور عامل کر ہم کو

بسنته يا رب العلمين ويا رب العرش
ان کی سنت کا اے پروردگار تمام عالموں کے اور اے پروردگار عرش

العظيم اللّٰهم يا رب احشرنا في زمرته ۱
بزرگ کے ۱۲ اے پروردگار حشر کر ہمارا ان کے زمرہ میں

۱؎ روایت کی ابونعیم رح نے انس رض سے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے کہ وحی بھیجی حق تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف کہ کہدو بنی اسرائیل سے کہ جو کوئی ملاقات کرے گا مجھ سے اور حالانکہ وہ منکر ہوگا احمد کا تو میں داخل کرونگا اسکو دوزخ میں کہا موسیٰ نے اے رب احمد کون ہیں کہا اے موسیٰ پیدا نہیں کیا میں نے کسیکو خلق میں سے بزرگتر اپنے نزدیک احمد سے لکھا میں نے نام ان کا اپنے نام کیساتھ عرش پر قبل اسکے کہ پیدا کروں آسمانوں اور زمین کو بیشک بہشت حرام ہے میری تمامی مخلوق پر یہانتک کہ داخل ہووین اسکے اندر احمد اور انکی امت کہا موسیٰ نے ان کی امت کون ہے فرمایا وہ سب بڑی حمد کرنیوالے ہوں گے اللہ کی کہ حمد کرتے رہیں گے وقت چڑھنے کے اونچے پر اور وقت اترنے کے نیچے کی طرف اور ہر حال پر اور باندھیں گے اپنی اوساط کو اور خوب پاک کریں گے اپنے ہاتھ پاؤں کو اور روزہ رکھیں گے دن کو اور عبادت کریں گے رات کو میں قبول کرونگا ان سے تھوڑا عمل اور داخل کرونگا ان کو جنت میں لا الٰہ الا اللہ کی گواہی دینے سے عرض کیا موسیٰ نے خداوندا مجھے نبی اس امت کا کرے فرمایا نبی اس امت کا اسی میں کا ہوگا پھر عرض کیا خداوندا مجھے اس نبی کی امت ہی میں کردے ارشاد ہوا موسیٰ تم پہلے پیدا ہوئے ہو اور احمد تمہارے بعد میں پیدا ہوں گے لیکن قریب ہے کہ اکٹھا کروں گا میں تم کو اور احمد کو بہشت میں ۱۲ ناصر اللبیب فی اسمار الحبیب

۲؎ یعنی ملک عظیم یا جسم اعظم محیط کے جہاں سے احکام اور مقادیر اترتے ہیں ۱۲ انوار التنزیل واسرار التاویل ٭

وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ وَاسْقِنَا بِكَاسِهٖ وَانْفَعْنَا

اور اُن کے نشان کے نیچے ٥١ لے اور پلا ہم کو اُن کے پیالہ سے اور نفع دے ہم کو

بِمَحَبَّتِهٖ اٰمِيْن يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ

اُن کی محبت کا قبول کر اے پروردگار تمام عالموں کے اے اللہ

يَارَبِّ بَلِّغْهُ عَنَّا اَفْضَلَ السَّلَامِ وَ

اے پروردگار پہنچا اُن کو ہماری طرف سے بزرگتر سلام ٥٢ اور

اَجْزِهٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ بِهٖ نَبِيًّا

جزا دے تو اُن کو ہماری طرف سے بہتر اس سے کہ جزا دی تو نے ساتھ اسکے کسی نبی کو

عَنْ اُمَّتِهٖ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ يَا

اُس کی امت کی طرف سے اے پروردگار تمام جہانوں کے اے اللہ اے

رَبِّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تَغْفِرَلِيْ وَ

پروردگار تحقیق ٥٣ سوال کرتا ہوں میں تجھ سے کہ بخشدے مجھ کو اور

تَرْحَمَنِيْ وَتَتُوْبَ عَلَيَّ وَتُعَافِيَنِيْ مِنْ

رحم کر مجھ پر اور توبہ قبول کر میری اور پناہ دے مجھ کو

جَمِيْعِ الْبَلَآءِ وَالْبَلْوَآءِ الْخَارِجِ مِنَ

سب بلاؤں سے ٥٤ اور آفتوں ٥٥ نکلنے والی

الْاَرْضِ وَالنَّازِلِ مِنَ السَّمَآءِ اِنَّكَ

زمین سے ٥٦ اور اُترنے والی آسمان سے ٥٧ بیشک تو

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ بِرَحْمَتِكَ وَاَنْ

سب چیزوں پر قدرت رکھنے والا ہے اپنی رحمت سے اور یہ کہ

---

٥١ لوا ساتھ کسرہ اور مد کے بمعنی نیزہ اور نشان کے ہے اور مضاف ہوا طرف حمد کے یعنے ثنائے الٰہی کے جس کے وہ لائق ہیں اس واسطے کہ یہ منصب آپ کا ہی ہو مقام محمود میں جو مختص ہے ساتھ آپکے اور مقرر کئے جائیں گے قیامت میں مقامات واسطے اہل خیر اور شر کے اور ہر متبوع کے لئے ایک نشان ہوگا کہ اسی سے اسکی قدر معلوم ہوگی اور اعلیٰ سب سے مقام حمد ہے اور یہ دیا جائیگا بزرگترین خلائق یعنی حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کو ۱۲ زرقانی

٥٢ اصل اس کی سلمت سلاماً ہے اور قایم کیا گیا مصدر مقام فعل اپنے کے پھر عدول کیا گیا طرف رفع کے اور کہا گیا مبتدا تا دلالت کرے ثبوت پر پھر اسپر الف لام معرفہ کا لایا گیا تا دلالت کرے اوپر استغراق انواع سلام کے ۱۲ نسیم الریاض

٥٣ بعض نسخوں میں لفظ انی ساقط ہے اور بعض میں انی اسئالک دونوں ساقط ہیں اور صحیح ثابت رہنا ہے سب کا ۱۲ فاسی

٥٤ روایت ہے فاطمہ بنت یمان رضی اللہ عنہا سے کہا کہ آئیں ہم سب عورتیں عیادت کرنیکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کی آپ کے پاس تو دیکھا ایک مشک لٹکی ہوئی ہے آپ کی طرف کہ اسکا پانی آپکے دہن مبارک میں ٹپکا کرتا ہے اسواسطے کہ آپ تپ کی گرمی اور بڑی جلن اور لہر میں تھے تو ہمنے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم اگر آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے تو آپ کو شفا دیتا فرمایا ہم انبیا، لوگوں پر بلا المضاعف ہوا کرتی ہے ۱۲ زرقانی

٥٥ بلواء ساتھ مد کے ہے اور بعض نسخوں میں ساتھ قصر کے ہے اور یہی صواب ہے ۱۲ فاسی

٥٦ جس طرح امراض اور اذیتیں خلائق کی ۱۲

٥٧ جس طرح صاعقے اور زلزلے اور پتھر برسنا اور مینہ سخت اور کال ۱۲ فاسی

۵۱ اور بعض نسخوں میں اللّٰہم اغفر ہے ۱۲ فاسی ۵۲ بعض احکام میں یعنی وجوب تعظیم اور احترام میں ان کے اور بیچ حرام ہونے نکاح

تَغْفِرَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَ
بخشے تو ۵۱ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو اور

الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْأَحْيَاءِ مِنْهُمْ
مسلمان مرد اور مسلمان عورتوں کو زندہ اُن میں سے

وَالْأَمْوَاتِ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ أَزْوَاجِهِ
اور مردہ اور خوشنود ہو خدا اُن کی بی بیوں سے

الطَّاهِرَاتِ أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ
جو پاکیزہ ہیں مائیں ہیں ۵۲ سب ایمان والوں کی

وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ أَصْحَابِهِ الْأَعْلَامِ
اور راضی ہو خدا اُن کے سب یاروں برتر

أَئِمَّةِ الْهُدٰى وَمَصَابِيْحِ الدُّنْيَا
پیشوائے ہدایت سے اور چراغوں دنیا سے

وَعَنِ التَّابِعِيْنَ وَتَابِعِ التَّابِعِيْنَ
اور سب تابعین اور تبع تابعین سے

لَهُمْ بِإِحْسَانٍ إِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ وَ
اُن کے نیکی کے ساتھ دن قیامت تک اور

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۵ اَللّٰهُمَّ
شکر و تعریف ۵۳ اللہ پروردگار عالموں کے لیے ہے ۵۴ اے خدا ۵۵

رَبَّ الْأَرْوَاحِ وَالْأَجْسَادِ الْبَالِيَةِ
پروردگار جانوں اور جسموں پرانے کے

ان کے کے اور وہ سب سوائے ان احکام کے اور امور میں بمنزلہ اجنبیات کے ہیں اور اسی واسطے فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ہم مردوں کی مائیں نہیں ہیں یعنی یہ مردوں کی مائیں بایں معنی تھیں کہ حرام تھیں ان پر مثل تحریم ماؤں اُن کی کے اُن پر ۱۲ تفسیر کشاف ۵۳ الحمد للہ سے پہلے واو ہے نسخہ صحیحہ میں اور ساقط ہے اور نسخوں میں اور یہ آخر روایت ثانی ہے جمعہ کے دن کی جو کہا تھا و فی روایۃ اللّٰہم انی اسئلک بحق ما حمل کرسیک من عظمتک اور یہاں تک ثلث ثانی فصل کیفیت سے تمام ہوا ۱۲ فاسی ۵۴ جمعہ کا حزب یہاں تک پڑھے کہ جمعہ کی منزل یہاں تمام ہوگئی اور ہفتہ کے دن شروع حزب سے پڑھے ۱۲ ۵۵ یہ ابتداء ثلث ثالث کا ہے اور اس دعا کو ذکر کیا ہے صاحب الحمد العینین نے اور یہ وہ دعا ہے جسے تعلیم فرمایا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کبار رضی اللہ عنہم کو اور ارشاد فرمایا ان کو کہ سکھا دیں اسے اس کو جو چاہے دعا کرنا بیچ امور دنیا یا آخرت کے اور ذکر کیا واسطے اس دعا کے ایک قصہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ساتھ قبول ہو جانے دعا کے ساتھ اس کے ایک اندھے کا جو رات کے وقت ان کے پاس تھا وہ اسی وقت بصیر ہو گیا ۱۲ فاسی

ختم جمعہ

ختم 2 روز جمعہ

العَالِيَةِ ۱۲

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع خدا کے نام سے جو بڑا بخشنے والا بہت مہربان ہے

اَللّٰهُ	الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	المَلِكُ	القُدُّوْسُ
خدا ؎	بڑا مہربان ؏	نہایت رحم والا	سب کا بادشاہ	بہت پاک
السَّلَامُ	المُؤْمِنُ	المُهَيْمِنُ	العَزِيْزُ	الجَبَّارُ
سلامتی والا	امن میں رکھنے والا	نگہبان	سب پر غالب	نقصان کا پورا کرنیوالا
المُتَكَبِّرُ	الخَالِقُ	البَارِئُ	المُصَوِّرُ	الغَفَّارُ
بزرگی والا	پیدا کرنے والا	عالم کا بنانیوالا	صورت بنانیوالا	بڑا بخشنے والا
القَهَّارُ	الوَهَّابُ	الرَّزَّاقُ	الفَتَّاحُ	العَلِيْمُ
بڑا غلبہ والا	بہت دینے والا	بڑا روزی رساں	سب کاموں کا کھولنیوالا	بڑا جاننے والا
القَابِضُ	البَاسِطُ	الخَافِضُ	الرَّافِعُ	المُعِزُّ
بند کرنے والا	کھولنے والا	پست کرنے والا	بلند کرنے والا	عزت دینے والا
المُذِلُّ	السَّمِيْعُ	البَصِيْرُ	الحَكَمُ	العَدْلُ
ذلت دینے والا	بڑا سننے والا	بڑا دیکھنے والا	بڑا فیصلہ کرنیوالا	بڑا داد دینے والا
اللَّطِيْفُ	الخَبِيْرُ	الحَلِيْمُ	العَظِيْمُ	الغَفُوْرُ
بڑا مہربان	بڑا خبردار	بردبار	بزرگ	بڑا بخشنے والا
الشَّكُوْرُ	العَلِيُّ	الكَبِيْرُ	الحَفِيْظُ	المُقِيْتُ
شاکروں کا قدردان	برتر	بڑا	نگہبان	قوت دینے والا
الحَسِيْبُ	الجَلِيْلُ	الكَرِيْمُ	الرَّقِيْبُ	المُجِيْبُ
کافی	بزرگ	کرم کرنے والا	نگہبان	قبول کرنیوالا

؎ جس وقت اسمائے حسنےٰ شروع کرے اس طرح سے پڑھے ھواللہ الذی لا الٰہ الاھو جلّ جلالہٗ الرحمٰن جلّ جلالہٗ آخر تک ۱۲ ؏ حدیث صحیح میں مروی ہے کہ خدائے تعالےٰ کے لئے ننانوے نام ہیں جو کوئی اُن کی محافظت کرے داخل ہو جنت میں اور وہ اللہ رحمٰن رحیم آخر تک جو یہاں مرقوم ہیں مطابق حدیث کے ہیں اور بعضوں نے چند نام اور اضافہ کیئے ہیں جو ہم نے بھی درج کر دیئے ہیں مگر حاشیہ پر کیفیت لکھدی ہے تاکہ حدیث کے اسماء سے ممتاز کیئے جاسکیں ۱۲ ؁

اِلَّا اَنْتَ حل

الواسع	الحکیم	الودود	المجید	الباعث	الشہید
فراخی والا	حکمت والا	بڑا دوست	بزرگ	بھیجنے والا رسولوں کا	بڑا گواہ
الحق	الوکیل	القوی	المتین	الولی	الحمید
ثابت	کارساز	توانا	مضبوط	دوست	حمد والا
المحصی	المبدئ	المعید	المحیی	الممیت	الحی
گھیرنے والا	پہلے پیدا کرنیوالا	لوٹانے والا	زندہ کرنے والا	مارنے والا	زندہ
القیوم	الواجد	الماجد	الواحد	الصمد	القادر
ہمیشہ رہنے والا	پانے والا	بزرگ	اکیلا	بے نیاز	توانا
المقتدر	المقدم	المؤخر	الاول	الآخر	الظاہر
قدرت رکھنے والا	آگے کرنے والا	پیچھے کرنے والا	سب سے پہلا	پچھلا	آشکار
الباطن	الوالی	المتعالی	البر	التواب	المنتقم
پوشیدہ	وارث	برتر	نیک کار	توبہ قبول کرنیوالا	بدلہ دینے والا
العفو	الرءوف	مالک الملک		ذو الجلال والاکرام	
معاف کرنے والا	مہربان	مالک ملک کا		صاحب بزرگی اور انعام کا	
المقسط	الجامع	الغنی	المغنی	المعطی	المانع
انصاف کرنے والا	جمع کرنے والا	بے پروا	بے پروا کرنیوالا	عطا کرنے والا	باز رکھنے والا
الضار	النافع	النور	الہادی	البدیع	الباقی
ضرر پہنچانے والا	نفع پہنچانے والا	روشنی والا	راہ دکھانیوالا	نیا پیدا کرنے والا	ہمیشہ رہنے والا
الوارث	الرشید	الصبور	الصادق	الستار	الاحد
مالک	راست تدبیر	بڑا تحمل کرنے والا	سچا	ڈھانپنے والا عیب کا	ایک

ص ۱ یا احد
ص ۲ یا منعم
ص ۳ یا رب

سلہ یہ اسم یعنی المعطی اور سب سے آخر کے دو اسم الصادق اور الستار حدیث محولہ صفحہ ۹ میں نہیں اور ۹۹ کی شمار سے زائد ہیں۔ چونکہ بعض سلسلوں میں یہ بھی مروج ہیں اس لئے لکھ دیئے گئے ۱۲ نور محمد